The Absolute Reality

www.quran4u.com

إِنَّا أَنذَرْنَاكُمْ عَذَابًا قَرِيبًا يَوْمَ يَنظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ

ہم نے تم کو عذاب سے جو عنقریب آنے والا ہے آگاہ کر دیا جس
دن ہر شخص ان (اعمال) کو جو اسنے آگے بھیجے ہونگے دیکھ لے گا

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary
(فتح محمد جالندهري)

سورۃ النبأ

Urdu Translation اردو ترجمه

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

(یہ) لوگ کس چیز کی نسبت پوچھتے ہیں؟	.1
(کیا) بڑی خبر کی نسبت؟	.2
جس میں یہ اختلاف کر رہے ہیں	.3
دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے	.4
پھر دیکھو یہ عنقریب جان لیں گے	.5
کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہیں بنایا	.6
اور پہاڑوں کو (اس کی) میخیں (نہیں ٹھیرایا)	.7

.8	(بیشک بنایا) اور تم کو جوڑا جوڑا بھی پیدا کیا
.9	اور نیند کو تمہارے لئے (موجب) آرام بنایا
.10	اور رات کو پردہ مقرر کیا
.11	اور دن کو معاش (کا وقت) قرار دیا
.12	اور تمہارے اوپر سات مضبوط (آسمان) بنائے
.13	اور (آفتاب کا) روشن چراغ بنایا
.14	اور نچڑتے بادلوں سے موسلا دھار مینہ برسایا
.15	تاکہ اس سے اناج اور سبزہ پیدا کریں
.16	اور گھنے گھنے باغ
.17	بیشک فیصلے کا دن مقرر ہے
.18	جس دن صور پھونکا جائے گا تو تم لوگ غٹ کے غٹ آموجود ہو گے
.19	اور آسمان کھولا جائے گا تو (اس میں) دروازے ہو جائیں گے
.20	اور پہاڑ چلائے جائیں گے تو وہ ریت ہو کر رہ جائیں گے
.21	بیشک دوزخ گھات میں ہے
.22	یعنی سرکشوں کا وہی ٹھکانا ہے
.23	اس میں وہ مدتوں پڑے رہیں گے
.24	وہاں نہ ٹھنڈک کا مزا چکھیں گے نہ (کچھ) پینا (نصیب) ہوگا
.25	مگر گرم پانی اور بہتی پیپ
.26	(یہ) بدلا ہے پورا پورا
.27	یہ لوگ حساب (آخرت) کی امید ہی نہیں رکھتے تھے

اور ہماری آیتوں کو جھوٹ سمجھ کر جھٹلاتے رہتے تھے	.28
اور ہم نے ہر چیز کو لکھ کر ضبط کر رکھا ہے	.29
سو (اب) مزہ چکھو ہم تم پر عذاب ہی بڑھاتے جائیں گے	.30
بیشک پرہیز گاروں کے لئے کامیابی ہے	.31
(یعنی) باغ اور انگور	.32
اور ہم عمر نوجوان عورتیں	.33
اور شراب کے چھلکتے ہوئے گلاس	.34
وہاں نہ بیہودہ بات سنیں گے نہ جھوٹ (خرافات)	.35
یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے صلہ ہے انعام کثیر	.36
وہ جو آسمانوں اور زمین اور جو ان دونوں میں ہے سب کا مالک ہے بڑا مہربان کسی کو اس سے بات کرنے کا یارا نہ ہو گا	.37
جس دن روح (الامین) اور فرشتے صف باندھ کر کھڑے ہوں گے تو کوئی بول نہ سکے گا مگر جس کو (خدائے) رحمٰن اجازت بخشے اور اس نے بات بھی درست کہی ہو	.38
یہ دن برحق ہے۔ پس جو شخص چاہے اپنے پروردگار کے پاس ٹھکانہ بنائے	.39
ہم نے تم کو عذاب سے جو عنقریب آنیوالا ہے آگاہ کر دیا۔ جس دن ہر شخص ان (اعمال) کو جو اس نے آگے بھیجے ہوں گے دیکھ لے گا اور کافر کہے گا کہ کاش! میں مٹی ہوتا	.40

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com